# ڈرائیورز لائسنسنگ اتھارٹی

نیشنل ہائی ویز اینڈ موٹروے پولیس

# طریقہ کار برائے تھیوریٹیکل ٹیسٹ

- ٹیسٹ کمپیوٹر پر بذریعہ ٹچ سکرین لیا جائے گا۔
- ٹیسٹ 20 سوالات پر مشتمل ہوگا جس کو دو حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔

1. **سائن ٹیسٹ:۔** امیدوار کو 10 میں سے 9 سوالات کے درست جوابات دینے ہوں گے۔
2. **رولز ٹیسٹ:۔** امیدوار کو 10 میں سے 7 سوالات کے درست جوابات دینے ہوں گے۔

- ٹیسٹ کے دونوں حصوں کیلئے کل وقت 10 منٹ ہوگا۔
- امیدوار تھیوریٹیکل ٹیسٹ میں فیل ہو جانے کی صورت میں دوبارہ کم از کم 14 دن کے بعد ٹیسٹ کیلئے تشریف لا سکتا ہے۔
- اَن پڑھ امیدوار کے لیے آڈیو کی سہولت موجود ہے۔
- امیدوار لرنر پرمٹ حاصل کرنے کے کم از کم 42 دن کے بعد پریکٹیکل ڈرائیونگ ٹیسٹ کیلئے تشریف لا سکتا ہے۔
- امیدوار پریکٹیکل ڈرائیونگ ٹیسٹ کے لیے آنے سے پہلے لرنر پرمٹ کی پشت پر درج ہدایات کو غور سے پڑھ کر تشریف لائے۔
- ڈرائیونگ لائسنس کی Conversion کی صورت میں تھیوریٹیکل ٹیسٹ پاس کرنے کے بعد امیدوار اُسی دن پریکٹیکل ڈرائیونگ ٹیسٹ دے سکتا ہے۔

# تھیوریٹیکل ٹیسٹ معروضی سوالات برائے ڈرائیونگ لائسنس / پرمٹ

| نمبر شمار | سوالات | نشان | جوابات | درست جواب |
|---|---|---|---|---|
| 1. | دیئے گئے تکون نشان کا مطلب ہے |  | a. انتباہی نشان<br>b. ممنوعہ نشان<br>c. اطلاعی نشان<br>d. سِمتی نشان | a |
| 2. | دیئے گئے نشان کا مطلب ہے |  | a. ڈھلوان<br>b. چڑھائی<br>c. زیادہ ڈھلوان<br>d. زیادہ چڑھائی | d |
| 3. | دیئے گئے نشان کا مطلب ہے |  | a. زیادہ ڈھلوان<br>b. زمین کا کٹاؤ<br>c. ڈھلوان<br>d. زیادہ چڑھائی | a |
| 4. | دیئے گئے نشان کا مطلب ہے |  | a. آگے سڑک تنگ ہے<br>b. روڈ بائیں طرف سے تنگ ہے<br>c. روڈ دائیں طرف سے تنگ ہے<br>d. رفتار کم کریں | a |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| 5. | دیئے گئے نشان کا مطلب ہے |  | a. چٹانوں کے گرنے کا خدشہ<br>b. خطرناک پہاڑی راستہ<br>c. اچانک پہاڑوں کا کٹاؤ<br>d. زیادہ ڈھلوان | a |
| 6. | دیئے گئے نشان کا مطلب ہے |  | a. شدید خطرہ<br>b. تیز ہوا کا علاقہ<br>c. پہاڑی پتھروں کا گرنا<br>d. خطرناک پہاڑی راستہ | b |
| 7. | دیئے گئے نشان کا مطلب ہے |  | a. سُرنگ<br>b. Culvert پُل<br>c. محرابی پُل<br>d. Overflowing پُل | c |
| 8. | دیئے گئے نشان کا مطلب ہے |  | a. خطرناک پہاڑی راستہ<br>b. پیدل چلنے والوں کو دیکھیں<br>c. بچوں کو دیکھیں<br>d. سڑک پر کام ہو رہا ہے | d |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| 9. | دیئے گئے نشان کا مطلب ہے |  | a. سڑک غیر ہموار ہے<br>b. مکان<br>c. سُرنگ<br>d. گاؤں | **c** |
| 10. | دیئے گئے نشان کا مطلب ہے |  | a. آگے حادثہ ہے<br>b. داخلہ ممنوع<br>c. رُکیے<br>d. دیگر خطرات | **d** |
| 11. | دیئے گئے نشان کا مطلب ہے |  | a. بائیں یا دائیں مڑ سکتے ہیں<br>b. داخلہ ممنوع<br>c. دو طرفہ ٹریفک<br>d. آگے چھوٹی سڑک، بڑی سڑک کو کراس کر رہی ہے | **d** |
| 12. | دیئے گئے نشان کا مطلب ہے |  | a. غیر ہموار سڑک<br>b. محرابی پُل<br>c. سُرنگ<br>d. سڑک کے کنارے | **a** |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| 13. | دیئے گئے نشان کا مطلب ہے |  | a. جانوروں کی گُزر گاہ<br>b. مویشیوں کی گُزر گاہ<br>c. فارم ہاؤس<br>d. جانوروں سے کھینچی جانے والی ریڑھی | b |
| 14. | دیئے گئے نشان کا مطلب ہے |  | a. چوڑا پُل<br>b. پُل دونوں اطراف سے چوڑا ہے<br>c. تنگ پُل<br>d. محرابی پُل | c |
| 15. | دیئے گئے نشان کا مطلب ہے |  | a. ریلوے کراسنگ سے گزرنا منع ہے<br>b. پیدل گُزر گاہ<br>c. بغیر پھاٹک ریلوے کراسنگ<br>d. ریلوے پھاٹک | d |
| 16. | دیئے گئے نشان کا مطلب ہے |  | a. ریلوے کراسنگ بغیر پھاٹک کے<br>b. داخلہ ممنوع<br>c. ریلوے کراسنگ سے گزرنا ممنوع ہے<br>d. ریلوے پھاٹک | a |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| 17. | دیئے گئے نشان کا مطلب ہے |  | a. سائیکل کا گزرنا منع ہے<br>b. سائیکل سوار<br>c. سائیکل کی پارکنگ<br>d. سائیکل کا داخلہ ممنوع | b |
| 18. | دیئے گئے نشان کا مطلب ہے |  | a. بائیں طرف سے آسکتے ہیں<br>b. آگے دوطرفہ سڑک ہے<br>c. دائیں طرف سے آسکتے ہیں<br>d. کسی طرف سے آنا منع ہے | b |
| 19. | دیئے گئے نشان کا مطلب ہے |  | a. دائیں طرف مڑ سکتے ہیں<br>b. دائیں لین تبدیل کرنا منع ہے<br>c. یوٹرن لینا منع ہے<br>d. دائیں مُڑنا منع ہے | d |
| 20. | دیئے گئے نشان کا مطلب ہے |  | a. یوٹرن لینا منع ہے<br>b. بائیں مڑنا منع ہے<br>c. یوٹرن لے سکتے ہیں<br>d. بائیں مُڑ سکتے ہیں | a |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| 21. | دیئے گئے نشان کا مطلب ہے |  | a. سڑک اِستعمال نہیں کر سکتے<br>b. اوور ٹیکنگ منع ہے<br>c. اوور ٹیکنگ کی پابندی اُٹھالی گئی ہے<br>d. اوور ٹیکنگ کی اِجازت ہے | b |
| 22. | دیئے گئے نشان کا مطلب ہے |  | a. بائیں طرف مُڑ سکتے ہیں<br>b. بائیں مُڑنا منع ہے<br>c. بائیں یوٹرن کی اِجازت ہے<br>d. بائیں طرف لین کی تبدیلی منع ہے | b |
| 23. | دیئے گئے نشان کا مطلب ہے |  | a. ہارن کی پابندی اُٹھالی گئی ہے<br>b. ہارن کی اِجازت ہے<br>c. ریڈیو کا سُننا ممنوع ہے<br>d. ہارن کا اِستعمال منع ہے | d |
| 24. | دیئے گئے نشان کا مطلب ہے |   | a. 3 میٹر سے چوڑی گاڑیوں کا داخلہ ممنوع ہے<br>b. لمبائی کی حد 3 میٹر ہے<br>c. چوڑائی کی حد اُٹھالی گئی ہے<br>d. پُل کی چوڑائی محدود ہے۔ | a |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| 25. | دیئے گئے نشان کا مطلب ہے |  | a. گاڑیوں کا فاصلہ محدود ہے<br>b. 3.5 میٹر سے اونچی گاڑیوں کا داخلہ ممنوع ہے<br>c. چوڑائی کی حد 3.5 میٹر ہے<br>d. لمبائی کی پابندی اُٹھالی گئ ہے | b |
| 26. | دیئے گئے نشان کا مطلب ہے |  | a. وزن محدود ہے<br>b. سڑک کا نمبر 40 ہے<br>c. زیادہ سے زیادہ حدِ رفتار 40 کلومیٹر ہے<br>d. حدِ رفتار 40 کلومیٹر کی پابندی اُٹھالی گئ ہے | c |
| 27. | دیئے گئے نشان کا مطلب ہے |  | a. وزن محدود ہے<br>b. سڑک کا نمبر 40 ہے<br>c. حدِ رفتار 40 کلومیٹر ہے<br>d. حدِ رفتار 40 کلومیٹر کی پابندی اُٹھالی گئ ہے | d |
| 28. | دیئے گئے نشان کا مطلب ہے |  | a. ایکسل کا وزن محدود ہے<br>b. لمبائی کی حد 6 میٹر ہے<br>c. سنگل ایکسل پر 6 ٹن سے زائد وزن والی گاڑی کا داخلہ منع ہے<br>d. چوڑائی محدود ہے | c |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| 29. | دیئے گئے نشان کا مطلب ہے |  | a. بڑی بسوں کا داخلہ منع ہے<br>b. HTV کا داخلہ منع ہے<br>c. گاڑیوں کا داخلہ منع ہے<br>d. LTV کا داخلہ منع ہے | c |
| 30. | دیئے گئے نشان کا مطلب ہے |  | a. بڑی بسوں کا داخلہ منع ہے<br>b. موٹر کار کا داخلہ منع ہے<br>c. مال بردار گاڑیوں کا داخلہ منع ہے<br>d. LTV کا داخلہ منع ہے | c |
| 31. | دیئے گئے نشان کا مطلب ہے |  | a. سیدھا جائیں<br>b. داخل ہونا منع ہے<br>c. ایک طرف جائیں<br>d. رُک جائیں | a |
| 32. | دیئے گئے نشان کا مطلب ہے |  | a. دائیں مُڑ جائیں<br>b. دائیں طرف چلیں<br>c. بائیں طرف چلیں<br>d. بائیں مُڑ جائیں | d |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| 33. | دیئے گئے نشان کا مطلب ہے |  | a. دائیں مُڑ جائیں<br>b. ایک طرف جائیں<br>c. دائیں طرف چلیں<br>d. بائیں طرف چلیں | a |
| 34. | دیئے گئے نشان کا مطلب ہے |  | a. سیدھا جائیں یا دائیں مُڑ جائیں<br>b. سیدھا جائیں یا بائیں مُڑ جائیں<br>c. لین کے ساتھ چلیں<br>d. آگے سے بائیں مُڑ جائیں | b |
| 35. | دیئے گئے نشان کا مطلب یہ ہے کہ |  | a. سیدھا جائیں<br>b. لین کے ساتھ چلیں<br>c. بائیں چلیں<br>d. بائیں طرف مُڑ جائیں | c |
| 36. | دیئے گئے نشان کا مطلب یہ ہے کہ |  | a. بائیں طرف مُڑنا منع ہے<br>b. دائیں طرف مُڑنا منع ہے<br>c. یوٹرن لینا منع ہے<br>d. داخلہ ممنوع ہے | d |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| a | a. دائیں چلیں<br>b. دائیں طرف رُک جائیں<br>c. دائیں طرف مُڑ جائیں<br>d. بائیں طرف چلیں |  | دیئے گئے نشان کا مطلب یہ ہے کہ | 37. |
| b | a. لین میں داخلہ منع ہے<br>b. سیدھا جانے والی لین<br>c. یکطرفہ سڑک<br>d. تیز چلنے والی لین |  | دیئے گئے نشان کا مطلب ہے | 38. |
| c | a. سیدھا جائیں اور بائیں مُڑ جائیں<br>b. مڑیں اور بائیں جائیں<br>c. موزوں لین اختیار کریں<br>d. سیدھا جائیں اور دائیں مُڑ جائیں |  | دیئے گئے نشان میں یہ لینیں واضح کرتی ہیں کہ | 39. |
| a | a. سیدھا جائیں یا دائیں مُڑ جائیں<br>b. آگے سے دائیں جانب مُڑ جائیں<br>c. سیدھا جائیں یا بائیں جانب مُڑ جائیں<br>d. آگے سے بائیں جانب مُڑ جائیں |  | دیئے گئے نشان میں یہ لین واضح کرتی ہے کہ | 40. |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| c | a. طالبعلموں کی گزر گاہ<br>b. پیدل چلنے والوں کی گلی<br>c. پیدل چلنے والوں کے گزرنے کا راستہ<br>d. بچوں کی گزر گاہ |  | دیئے گئے نشان میں یہ جگہ واضح کرتی ہے کہ | 41. |
| a | a. پارکنگ کی جگہ<br>b. سروس ایریا<br>c. پارکنگ کی ممانعت<br>d. آگے روڈ بند ہے |  | دیئے گئے نشان کا مطلب ہے کہ | 42. |
| b | a. ''ٹی'' شکل کا انٹرسیکشن<br>b. آگے روڈ بند ہے<br>c. آگے انٹرسیکشن ہے<br>d. پارکنگ ایریا |  | دیئے گئے نشان کا مطلب ہے | 43. |
| a | a. درست<br>b. غلط<br>c. مجھے معلوم نہیں<br>d. ان میں سے کوئی بھی نہیں |  | دیا گیا نشان بچوں کی گزر گاہ کو واضح کرتا ہے | 44. |
| a | a. غلط<br>b. درست<br>c. ان میں سے کوئی بھی نہیں<br>d. مجھے معلوم نہیں |  | دیا گیا نشان اس بات کو واضح کرتا ہے کہ تمام گاڑیاں لازمی دائیں طرف مڑیں | 45. |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| 46. | درج ذیل تصویر میں سفید لائن واضح کرتی ہے کہ |  | a. گاڑیوں کی گزر گاہ یا روڈ لائن<br>b. لین کی تبدیلی ممنوع ہے<br>c. درمیانی لائن<br>d. سڑک کو لین میں تقسیم کرنے والی لائن | d |
| 47. | دی گئی تصویر میں مسلسل پیلی لائن واضح کرتی ہے کہ |  | a. کیرج وے کو ایک ہی سمت میں تقسیم کرتی ہے<br>b. روڈ کے کنارے کو واضح کرتی ہے<br>c. گاڑیوں کو اوور ٹیکنگ کی اِجازت ہے<br>d. لائن کو کراس کرنا منع ہے | d |
| 48. | تصویر میں تیر کے نشان سے واضح سفید لائن کو کیا کہتے ہیں |  | a. اسٹاپ لائن<br>b. راستہ دینے کی لائن<br>c. آہستہ کرنے اور راستہ دینے کی لائن<br>d. ممنوعہ علاقہ کی نشاندہی کرنے والی لائن | a |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| 49. | تصویر میں سڑک پر موجود نشاندہی ظاہر کرتی ہے کہ |  | a. سڑک کی درمیانی لائن<br>b. لین کو تقسیم کرنے والی لائن<br>c. گُزرنے کی لائن<br>d. اگر مخالف سمت سے کوئی گاڑی نہ آرہی ہو تو اوورٹیکنگ کی اِجازت ہے | d |
| 50. | تصویر میں سڑک پر موجود نشاندہی ظاہر کرتی ہے کہ |  | a. سڑک کی درمیانی لائن<br>b. لین کو تقسیم کرنے والی لائن<br>c. اوورٹیکنگ ممنوع ہے<br>d. اوورٹیکنگ کی اِجازت ہے | c |
| 51. | تصویر میں سڑک پر موجود نشاندہی ظاہر کرتی ہے کہ |  | a. درمیانی لائن، اوورٹیکنگ ممنوع ہے<br>b. لین کو تقسیم کرنے والی لائن<br>c. گُزرنے کی لائن<br>d. اگر مخالف سمت سے گاڑی نہ آرہی ہو تو اوورٹیکنگ کی اِجازت ہے | a |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| 52. | تصویر میں سڑک پر موجود نشاندہی ظاہر کرتی ہے کہ |  | a. سٹاپ لائن<br>b. درمیانی لائن<br>c. پیدل گزرنے کی لائن<br>d. لائن کو کراس کرنا منع ہے | b |
| 53. | تصویر کے درمیان میں جو پیلا جنکشن باکس ہے اس پر گاڑی روکنے کی اجازت نہیں ہے |  | a. درست<br>b. ان میں سے کوئی بھی نہیں<br>c. غلط<br>d. مجھے معلوم نہیں | a |
| 54. | تصویر میں ٹریفک پولیس کے اِشارے کا مطلب ہے کہ |  | a. آہستہ رُکنے کا اشارہ<br>b. سامنے سے آنے والی گاڑیوں کو رُکنے کا اشارہ<br>c. مُڑنے کا اشارہ<br>d. بغیر رُکے جانے کا اشارہ | b |
| 55. | تصویر میں ٹریفک پولیس کے اِشارے کا مطلب ہے کہ پیچھے سے آنے والی ٹریفک رُک جائے |  | a. درست<br>b. غلط<br>c. مجھے معلوم نہیں<br>d. ان میں سے کوئی بھی نہیں | a |
| 56. | اس نشان کا کیا مطلب ہے؟ |  | a. ایک لائن<br>b. موٹروے سے نکلنے کا فاصلہ 300 میٹر ہے<br>c. تین لائنیں<br>d. روڈ کے درمیان تین لائنیں | b |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| 57. | اس نشان کا کیا مطلب ہے |  | a. پُل<br>b. آغاز موٹروے<br>c. مصروف دوطرفہ سڑک<br>d. ان میں سے کوئی نہیں | b |
| 58. | سگنل کی سرخ لائٹ آن ہونے کا مطلب ہے کہ |  | a. رُکیئے<br>b. رُکنا منع ہے<br>c. مجھے پتہ نہیں<br>d. ان میں سے کوئی نہیں | a |
| 59. | گول چکر میں Right of Way کس کا ہوتا ہے؟ | | a. وہ جو دائیں جانب سے<br>آرہا ہو<br>b. وہ جو گول چکر میں پہلے سے<br>موجود ہو<br>c. دونوں (a) اور (b)<br>d. اِن میں سے کوئی نہیں | c |
| 60. | آپ اپنی گاڑی کے انجن سے رفتار کیسے کنٹرول کر سکتے ہیں؟ | | a. چھوٹے گیئروں میں تبدیل کر کے<br>b. ریورس گیئر منتخب کر کے<br>c. بڑے گیئروں میں تبدیل کر کے<br>d. نیوٹرل کر کے | a |
| 61. | گاڑی کی کونسی چیز ہمیشہ صاف رکھنی چاہیے ؟ | | a. لائیٹس<br>b. ریفلکٹرز<br>c. شیشے<br>d. اوپر دیئے گئے سارے | d |

| | | | |
|---|---|---|---|
| 62. | کسی ٹریفک حادثے میں ملوث ہونے کے بعد آپکی پہلی ذمہ داری کیا ہے ؟ | a. رُک جائیں<br>b. بھاگ جائیں<br>c. غصے میں آجائیں<br>d. اُوپر دیئے گئے سب | a |
| 63. | کونسی جگہ پر پارکنگ دوسروں کے دیکھنے میں رکاوٹ پیدا کر دیتی ہے ؟ | a. جنکشن پر<br>b. موڑ پر یا پہاڑ کی چڑھائی پر<br>c. زیبرا کراسنگ کے شروع پر<br>d. اُوپر دیئے گئے سب | d |
| 64. | اپنی گاڑی کو قانونی طور پر دُرست حالت میں رکھنے کے لئے کس چیز کا درست ہونا ضروری ہے؟ | a. بریکیں<br>b. لائٹس<br>c. ٹائر<br>d. اُوپر دیے گئے تمام | d |
| 65. | کب حادثے کی صورت میں Air Bag نہیں کُھلتا؟ | a. گاڑی کے ٹینک میں کم فیول ہو<br>b. بیٹری کمزور ہو<br>c. ڈرائیور نے سیٹ بیلٹ نہ باندھا ہو<br>d. ان میں سے کوئی نہیں | c |
| 66. | آبادی والے علاقوں میں حدِ رفتار کیا ہے؟ | a. 100 کلومیٹر فی گھنٹہ<br>b. 80 کلومیٹر فی گھنٹہ<br>c. 70 کلومیٹر فی گھنٹہ<br>d. 50 کلومیٹر فی گھنٹہ | c |

| | | | |
|---|---|---|---|
| d | a. 100 کلومیٹر فی گھنٹہ<br>b. 80 کلومیٹر فی گھنٹہ<br>c. 70 کلومیٹر فی گھنٹہ<br>d. 120 کلومیٹر فی گھنٹہ | موٹروے پر LTV گاڑی کی حدِ رفتار کیا ہے؟ | 67. |
| a | a. 40 کلومیٹر فی گھنٹہ<br>b. 80 کلومیٹر فی گھنٹہ<br>c. 70 کلومیٹر فی گھنٹہ<br>d. 50 کلومیٹر فی گھنٹہ | مسجد اور اسکول کے نزدیک حدِ رفتار کیا ہے؟ | 68. |
| a | a. لازمی ہے<br>b. انتظامی ہے<br>c. فیشن ہے<br>d. دکھاوا ہے | سیٹ بیلٹ باندھنا ______________ | 69. |
| c | a. رُک جائیں اور پیدل چلنے والوں کو ہاتھ ہلائیں<br>b. ہارن بجائیں تاکہ پیدل چلنے والوں کو آپکا پتہ چلے<br>c. پیدل گُزرنے والوں کو راستہ دیں جو کہ پہلے سے گُزر رہے ہیں<br>d. آپ چلتے جائیں تاکہ پیدل چلنے والے آپ کو راستہ دیں | آپ روڈ جنکشن سے ایک چھوٹی سڑک پر مُڑ رہے ہیں پیدل چلنے والے چھوٹی سڑک کو کراس کر رہے ہیں آپ کیا کریں گے ؟ | 70. |
| a | a. مدد کریں گئے اور اکیلا نہیں چھوڑیں گے<br>b. پانی پینے کے لئے دیں گے | حادثہ ہوا ہے اور ڈرائیور صدمے میں ہے آپ کیا کریں گے ؟ | 71. |

| | | | |
|---|---|---|---|
| | c. کھانا پیش کریں گے<br>d. سگریٹ پیش کریں گے | | |
| b | a. سخت بریک لگائیں گے<br>b. اُسکی غلطی کو نظر انداز کردیں گے۔ اور قانون پرعمل پیرا رہیں گے<br>c. ہیڈلائیٹ ڈپر دے کر اپنے غصے کا اِظہارکریں گے<br>d. ہارن دیں گے کہ آپ غصے میں ہیں | ایک گاڑی اچانک آپ کے سامنے سائیڈ روڈ سے آجاتی ہے آپ کیاکریں گے ؟ | 72. |
| a | a. بچوں کی سیٹ پر<br>b. ایک بڑا جو بچے کو گود میں لے<br>c. بڑوں کی سیٹ بیلٹ<br>d. بڑوں کی سیٹ | آپ اپنی گاڑی میں بچے کو لے کر جا رہے ہیں جو کہ تین سال سے کم عمر کا ہے۔اِن میں سے کونسی جگہ بچے کے لئے محفوظ ہے ؟ | 73. |
| a | a. کیونکہ اُس کی لمبائی زیادہ ہوتی ہے اور وقت زیادہ لگتا ہے<br>b. یہ اچانک خراب ہو جاتی ہیں<br>c. ان کی بریکیں درست نہیں ہوتیں<br>d. یہ پہاڑ پر بہت سُست چڑھتی ہیں | کسی بڑی گاڑی کو اوورٹیک کرنا چھوٹی گاڑی کی نسبت کیوں مشکل ہے ؟ | 74. |

| | | | |
|---|---|---|---|
| 75. | گاڑی کی بیٹری کا پانی کم ہے آپ اُس کو کیسے پورا کریں گے | a. بیٹری کا تیزاب<br>b. نلکے کا پانی<br>c. انجن کا آئل<br>d. انجن کو ٹھنڈا کرنے والا پانی | **a** |
| 76. | دُھند میں ڈرائیونگ کیلئے کونسا طریقہ درست ہے؟ | a. ہیڈ لائیٹس کا متواتر استعمال<br>b. سینٹرل لائن کے نزدیک<br>c. زیادہ وقت سفر میں صرف کریں<br>d. آہستہ چلیں | **d** |
| 77. | آپ ایک بڑی گاڑی کو زیادہ فاصلے سے اوورٹیک کرنے جا رہے ہیں اور ایک گاڑی آپ کے آگے آجاتی ہے آپ کیا کریں گے ؟ | a. ہارن بجائیں<br>b. مزید فاصلہ پیدا کریں<br>c. ہیڈ لائیٹس دیں<br>d. اوورٹیک کرنا شروع کریں | **b** |
| 78. | آپ بائیں طرف ایک سائیڈ سٹرک پر مُڑ رہے ہیں آپ کو کس بات کا خیال رکھنا چاہیے ؟ | a. یک طرفہ ٹریفک کا<br>b. پیدل چلنے والوں کا<br>c. ٹریفک کی رُکاوٹ کا<br>d. پارک ہوئی گاڑیوں کا | **b** |
| 79. | موٹروے پر لمبے سفر سے تھکاوٹ کی وجہ سے آپ کو نیند آسکتی ہے آپ کو چاہیے کہ ________ | a. موٹروے کو چھوڑ کر محفوظ مقام کو رُکنے کے لئے مُنتخب کریں<br>b. اِرد گرد کسی پُر فضا مقام کو دیکھیں | d |

| | | | |
|---|---|---|---|
| | | c. تیز سفر کریں تا کہ جلدی ختم ہو جائے<br>d. گاڑی میں تازہ ہوا کے داخلے کو یقینی بنائیں | |
| 80. | آپ ایک گیلی سڑک پر گاڑی کے پیچھے جا رہے ہیں آپ کم از کم کتنے سیکنڈ کا فاصلہ رکھیں گے ؟ | a. ایک سیکنڈ<br>b. دو سیکنڈ<br>c. تین سیکنڈ<br>d. چار سیکنڈ | d |
| 81. | آپ تیز بارش میں سفر کر رہے ہیں آپ کا رُکنے کا فاصلہ ______ ہونا چاہیے ؟ | a. دُو گنا<br>b. آدھا<br>c. دس گُنا ذیادہ<br>d. کوئی مختلف نہیں | a |
| 82. | آپ اگلے انٹرچینج سے موٹروے کو چھوڑنا چاہتے ہیں۔ اُس انٹرچینج پر پہنچنے سے پہلے آپ اپنی گاڑی کس لین میں رکھیں گے ؟ | a. درمیانی لین میں<br>b. بائیں لین میں<br>c. ہارڈ شولڈر پر<br>d. کسی بھی لین میں | b |
| 83. | آپ کب گاڑی نہیں چلا سکتے ؟ | a. شراب یا کسی دوائی کے زیرِ اثر<br>b. جب تھکے ہوں یا نیند کی حالت میں<br>c. دونوں "a" اور " b "<br>d. مجھے پتہ نہیں | c |

| | | | |
|---|---|---|---|
| 84. | سڑک پر جانوروں کے پاس سے گزرنے کا کیا ضابطہ ہے؟ | a. آہستہ ہو جائیں<br>b. تھوڑا وقت دیں<br>c. ہارن مت دیں<br>d. اُوپر دیئے گئے سارے | d |
| 85. | کیا آپ چھوٹی سڑک سے بڑی سڑک پر گاڑی ریورس کر سکتے ہیں؟ | a. نہیں<br>b. ہاں<br>c. معلوم نہیں<br>d. ان میں سے کوئی نہیں | a |
| 86. | کون موٹروے استعمال نہیں کر سکتا ؟ | a. سائیکل سوار<br>b. پیدل اشخاص<br>c. جانوروں سے کھینچنے والی گاڑیاں<br>d. اُوپر دیئے گئے سارے | d |
| 87. | ایک غیر مسلسل سفید لائن سے آپ کیا معنی اَخذ کرتے ہیں؟ | a. وہ لائن جو سڑک کے درمیانی حصے کو تقسیم کرتی ہے اور صرف اُسی صورت میں اُس کو کراس کرنا چاہیے جب ایسا کرنا محفوظ ہو<br>b. حدرفتار کو ملحوظِ خاطر رکھیں<br>c. اُوپر دیئے گئے سارے<br>d. مجھے معلوم نہیں | a |

| | | | |
|---|---|---|---|
| 88. | ایسے مقام کا نام بتائیں جہاں آپ گاڑی پارک نہیں کر سکتے | a. بڑی سڑک کے ایک طرف<br>b. پبلک پارک کے نزدیک<br>c. سڑک کے کنارے پر<br>d. اُوپر دیئے گئے سارے | d |
| 89. | ہارڈ شولڈر کب استعمال کرنا چاہیے ؟ | a. آرام کے لیے<br>b. موبائل فون کے استعمال کے لیے<br>c. گاڑی خراب ہونے کی صورت میں<br>d. اوپر دیئے گئے تمام | c |
| 90. | گول چکر میں داخل ہونے کا کیا ضابطہ ہے؟ | a. آپ دائیں طرف سے آنے والی گاڑیوں کو راستہ دیں<br>b. بائیں طرف سے آنے والی گاڑیوں کو راستہ دیں<br>c. ٹریفک کی رفتار میں پیچھا کریں<br>d. اُوپر دیئے گئے سارے | a |
| 91. | پیلی ٹریفک لائیٹ کا کیا مطلب ہے | a. اسٹاپ لائن سے پہلے رک جائیں<br>b. نہ رُکیں<br>c. آرام کریں<br>d. اُوپر دیئے گئے سارے | a |

| | | | |
|---|---|---|---|
| d | a. اپنے اگلے اور پچھلے شیشے دیکھیں گے<br>b. BlindSpot دیکھیں گے<br>c. چلنے سے پہلے آگے دیکھیں گے<br>d. اُوپر دیئے گئے سارے | بائیں طرف رُکنے کے بعد دوبارہ چلنے سے پہلے آپ کیا کریں گے ؟ | 92. |
| d | a. ہارن بجائیں<br>b. اپنی گاڑی کی ہیڈ لائیٹس فُل کریں گے<br>c. اپنی آنکھیں بند کریں گے<br>d. بائیں طرف دیکھیں گے آہستہ ہونگے اگر ضروری ہو تو رُک جائیں گے | سامنے سے پڑنے والی لائیٹس کی وجہ سے اگر آپ کو نظر آنا بند ہو گیا ہو تو آپ کیا کریں گے ؟ | 93. |
| a | a. جب اگلا ڈرائیور دائیں طرف مُڑنا چاہے اور اشارہ دے<br>b. اگر دائیں لین والی گاڑیاں آہستہ ہوں<br>c. جب آپ بائیں مُڑیں<br>d. اُوپر دیئے گئے سارے | آپ بائیں جانب سے کب اوورٹیک کر سکتے ہیں ؟ | 94. |
| a | a. پیدل اشخاص کے لیے ٹریفک لائیٹس<br>b. گول چکر<br>c. آمنے سامنے پارکنگ<br>d. اُوپر دیئے گئے سارے | CONTROLLED PEDESTRIAN CROSSING کا کیا مطلب ہے؟ | 95. |

| | | | |
|---|---|---|---|
| a | a. 100 کلومیٹر فی گھنٹہ<br>b. 110 کلومیٹر فی گھنٹہ<br>c. 120 کلومیٹر فی گھنٹہ<br>d. اُوپر دیئے گئے سارے | ہائی وے پر کار کی حدِ رفتار کیا ہے ؟ | 96. |
| c | a. تمام گاڑیاں جو آپ کے دائیں طرف سے آئیں<br>b. ٹریفک جو کہ پہلے سے جنکشن میں موجود ہو<br>c. اُوپر دیئے گئے سارے<br>d. مجھے معلوم نہیں | جنکشن پر جہاں روڈ مارکنگ نہ ہو آپ کن گاڑیوں کو برابر اہمیت دیں گے ؟ | 97. |
| a | a. آپکا اگلا منظر صاف اور واضح ہو<br>b. ڈبل انڈیکیٹر کا استعمال<br>c. ہارن کا استعمال<br>d. اُوپر دیئے گئے سارے | آپ کو اوور ٹیک کرنے سے پہلے کیا بات ذہن میں رکھنی چاہیئے ؟ | 98. |
| a | a. آہستہ ہو جائیں اُنہیں گُزرنے دیں<br>b. ہارن دیں اور خُود گُزر جائیں<br>c. اُوپر دیئے گئے سارے<br>d. اُوپر دیئے گئے میں سے کوئی نہیں | جنکشن پہنچنے پر دائیں یا بائیں مُڑنے سے پہلے اگر پیدل اشخاص وہاں پہلے سے موجود ہوں تو آپ کیا کریں گے ؟ | 99. |

| | | | |
|---|---|---|---|
| 100. | چوک پر آپ کو کہاں رُکنا چاہیے؟ | a. اسٹاپ لائن سے پہلے<br>b. زیبرا کراسنگ پر<br>c. ٹریفک کے درمیان<br>d. اُوپر دیئے گئے سارے | a |
| 101. | اگر کوئی گاڑی آپ کو اوورٹیک کر رہی ہو تو آپ کیا کریں گے؟ | a. رفتار بڑھائیں گے<br>b. اُسی رفتار سے چلتے رہیں گے<br>c. ہارن دیں گے<br>d. اُوپر دیئے گئے سارے | b |
| 102. | سڑک کے درمیان سنگل مسلسل لائن کا کیا مطلب ہے؟ | a. سڑک کو تقسیم کرتی ہے اور اِسے کسی صورت میں کراس نہیں کرنا چاہیے<br>b. سڑک کو تقسیم کرتی ہے کراس کر سکتے ہیں<br>c. روڈ فرنیچر<br>d. مجھے معلوم نہیں | a |
| 103. | اوورٹیکنگ کے بعد آپ کیا نہیں کریں گے؟ | a. اچانک سامنے آنا<br>b. آہستہ ہونا<br>c. مذاق کرنا<br>d. اُوپر دیئے گئے سارے | d |
| 104. | چند موقعوں کی نشاندہی کریں جب آپ کو ہیڈ لائٹ مدھم کرنی چاہیے | a. تعمیر شدہ علاقوں میں<br>b. دُھند اور برفباری میں<br>c. اگلی گاڑی کے انتہائی نزدیک پہنچ کر<br>d. اُوپر دیئے گئے سارے | d |

| | | | |
|---|---|---|---|
| 105. | کیا آپ اوور ٹیکنگ کے دوران حد رفتار سے تجاوز کر سکتے ہیں؟ | a. نہیں<br>b. ہاں<br>c. پتہ نہیں<br>d. اُوپر دیئے گئے سارے | **a** |
| 106. | آپ اپنی گاڑی کی لائیٹس کب آن کریں گے؟ | a. 20 منٹ قبل غروب آفتاب<br>b. 30 منٹ قبل غروب آفتاب<br>c. غروب آفتاب کے وقت<br>d. مجھے معلوم نہیں | **b** |
| 107. | جب آپ کی گاڑی کو آگ لگ جائے تو کیا کریں گے؟ | a. رفتار بڑھائیں گے تاکہ آگ کے شعلے رُک جائیں<br>b. ہارن بجائیں گے تاکہ دوسروں کو خبردار کر سکیں<br>c. رک جائیں گے اور گاڑی کا انجن بند کر دیں گے<br>d. اُوپر دیئے گئے سارے | **c** |
| 108. | ڈرائیور کب سیٹ بیلٹ کے بغیر گاڑی چلا سکتا ہے؟ | a. ریورس کے دوران<br>b. جب عمر 65 سال یا زائد ہو<br>c. جب ڈرائیور بیمار ہو<br>d. اُوپر دیئے گئے سارے | **a** |

| | | | |
|---|---|---|---|
| 109. | کیا آپ موٹروے پر گاڑی ریورس کر سکتے ہیں؟ | a. ہاں<br>b. نہیں<br>c. پتہ نہیں<br>d. اُوپر دیئے گئے سارے | b |
| 110. | کیا پیدل اشخاص کا زیبرا کراسنگ پر سے گُزرنے کا پہلا حق ہے؟ | a. ہاں<br>b. نہیں<br>c. پتہ نہیں<br>d. اُوپر دیئے گئے سارے | a |
| 111. | کیا آپ پیلے جنکشن باکس پر رُک سکتے ہیں؟ | a. ہاں<br>b. نہیں<br>c. پتہ نہیں<br>d. اوپر میں سے کوئی نہیں | b |
| 112. | دوران ڈرائیونگ موبائل فون کا استعمال ______ | a. ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی ہے<br>b. ایمرجنسی میں اِجازت ہے<br>c. اگر اسپیکر آن ہو تو اِجازت ہے<br>d. اُوپر دیئے گئے سارے | a |
| 113. | مسلسل سفید درمیانی لائن نشاندہی کرتی ہے کہ | a. اوور ٹیک کر سکتے ہیں<br>b. اوور ٹیک کرنا ممنوع ہے<br>c. فوراً رُکیں<br>d. ہارن استعمال کریں | b |

| | | | |
|---|---|---|---|
| b | .a ہاں<br>.b نہیں<br>.c پتہ نہیں<br>.d اِن میں سے کوئی نہیں | کیا آپ پاکستان میں کسی گاڑی کو بائیں جانب سے اوورٹیک کر سکتے ہیں؟ | 114. |
| b | .a ہاں<br>.b نہیں<br>.c پتہ نہیں<br>.d اِن میں سے کوئی نہیں | کیا آپ عام حالات میں اچانک بریک لگا سکتے ہیں؟ | 115. |
| b | .a ہاں<br>.b نہیں<br>.c پتہ نہیں<br>.d اِن میں سے کوئی نہیں | کیا پیدل اشخاص کو موٹروے پر اِجازت ہے؟ | 116. |
| a | .a ہاں<br>.b نہیں<br>.c پتہ نہیں<br>.d اِن میں سے کوئی نہیں | کیا ایمرجنسی گاڑیاں سگنل کی سُرخ بتی کو کراس کر سکتی ہیں؟ | 117. |
| b | .a ہاں<br>.b نہیں<br>.c پتہ نہیں<br>.d اِن میں سے کوئی نہیں | کیا ہارڈ شولڈر اوور ٹیکنگ کے لئے استعمال ہو سکتا ہے؟ | 118. |
| b | .a ہاں<br>.b نہیں<br>.c پتہ نہیں<br>.d اِن میں سے کوئی نہیں | کیا ہسپتال کے نزدیک ہارن کے استعمال کی اِجازت ہے؟ | 119. |

| | | | |
|---|---|---|---|
| 120. | کونسی لین گاڑی کے چلانے کے لئے استعمال ہوتی ہے؟ | a. بائیں<br>b. دائیں<br>c. درمیانی<br>d. اُوپر دیئے گئے سارے | a |
| 121. | کونسی چیز آپ کو گاڑی سے باہر پھینکنے کی اِجازت ہے؟ | a. سِگریٹ<br>b. کوڑا<br>c. "دونوں "a" اور "b"<br>d. کچھ بھی نہیں | d |
| 122. | دُھند کے دوران آپ کونسی لائیٹس استعمال کریں گے؟ | a. ہیڈلائیٹس<br>b. فوگ لائیٹس<br>c. "دونوں "a" اور "b"<br>d. اِن میں سے کوئی نہیں | c |
| 123. | کونسا انڈیکیٹر دائیں طرف سے اوورٹیکینگ کے لئے استعمال ہوتا ہے | a. دایاں<br>b. بایاں<br>c. پتہ نہیں<br>d. اِن میں سے کوئی نہیں | a |
| 124. | اوورٹیکنگ کے دوران کتنی بار انڈیکیٹر استعمال ہوتا ہے | a. ایک<br>b. دو<br>c. تین<br>d. ان میں سے کوئی نہیں | b |
| 125. | جب اوورٹیکنگ لین میں پہنچ جائیں تو اشارے کا کیا کرنا چاہئے؟ | a. اشارہ بند کر دینگے<br>b. اشارہ آن رہنے دینگے<br>c. اشارہ کو مُسلسل جلنے بجھنے دینگے<br>d. اُوپر دیئے گئے سارے | a |

| | | | |
|---|---|---|---|
| c | a. کمرشل موٹر گاڑیاں<br>b. سائیکلیں<br>c. ایمرجنسی گاڑی جب ایمرجنسی پر جارہی ہوں<br>d. اِن میں سے کوئی نہیں | کونسی گاڑی سُرخ بتی چھت پر لگا سکتی ہے؟ | 126. |
| a | a. دائیں طرف سے راستہ دیں<br>b. اگلے ڈرائیور کو پیچھے رہنے کا اِشارہ دیں<br>c. دائیں طرف چلے جائیں اور اوورٹیکنگ والی گاڑی کا راستہ بند کردیں<br>d. اُوپر دیئے گئے سارے | آپ کو کیا کرنا چاہیئے جب دوسری گاڑی کا ڈرائیور آپ کو سگنل دے کہ وہ آپ کو اوورٹیک کرنا چاہتا ہے؟ | 127. |
| c | a. اگر آپ چل رہے ہوں تو کراس کرلیں<br>b. اگر رُکے ہوں تو چل سکتے ہیں<br>c. چلنے کیلئے تیار رہیں مگر سبز بتی کے آن ہونے کا انتظارکریں<br>d. مجھے معلوم نہیں | آپ کیا کریں گے جب سگنل پر کھڑے ہوں اور سُرخ اور پیلی بتی آن ہوں | 128. |
| b | a. رفتار بڑھانے کے لئے<br>b. برائے اوورٹیکنگ<br>c. اُوپر دیئے گئے سارے<br>d. مجھے معلوم نہیں | موٹروے پر دائیں یا تیسری لین کس لئے استعمال ہوتی ہے؟ | 129. |

| | | | |
|---|---|---|---|
| 130. | ریورس لائیٹ کا کیا رنگ ہوتا ہے؟ | a. سبز<br>b. سُرخ<br>c. سفید<br>d. مجھے معلوم نہیں | c |
| 131. | کیا ڈرائیونگ کے دوران موبائل پر پیغام پڑھنا یا بھیجنا صحیح ہے؟ | a. نہیں<br>b. پتہ نہیں<br>c. ہاں<br>d. اگر رفتار 80 کلومیٹر سے کم ہو | a |
| 132. | دوران ڈرائیونگ کس چیز کے استعمال سے توجہ آسانی سے ہٹ سکتی ہے؟ | a. موبائل<br>b. ائر کنڈیشنر<br>c. سی۔ڈی<br>d. مجھے معلوم نہیں | a |
| 133. | زیبرا کراسنگ ________ کے لیے ہوتی ہے | a. جانوروں<br>b. گاڑیوں<br>c. پیدل اشخاص<br>d. مجھے معلوم نہیں | c |
| 134. | موٹروے پر کار کی حد رفتار ________ ہے | a. 120 کلومیٹر فی گھنٹہ<br>b. 140 کلومیٹر فی گھنٹہ<br>c. 130 کلومیٹر فی گھنٹہ<br>d. 80 کلومیٹر فی گھنٹہ | a |
| 135. | فُٹ پاتھ نہ ہونے کی صورت میں ایک پیدل شخص سڑک کے کس طرف چل سکتا ہے؟ | a. دائیں طرف<br>b. بائیں طرف<br>c. روڈ کے دونوں اطراف پر<br>d. مجھے معلوم نہیں | a |

| | | | |
|---|---|---|---|
| 136. | زیرِ تربیت ڈرائیور اپنی گاڑی کے اگلے اور پچھلے شیشے پر کونسا نشان واضح کرے گا؟ | a. L<br>b. S<br>c. W<br>d. D | a |
| 137. | موٹروے پر کم سے کم حدِ رفتار_______________ ہے | a. 65 کلومیٹر فی گھنٹہ<br>b. 60 کلومیٹر فی گھنٹہ<br>c. 70 کلومیٹر فی گھنٹہ<br>d. 55 کلومیٹر فی گھنٹہ | a |
| 138. | گاڑی سڑک پر چلاتے وقت ڈرائیور _______________ | a. ڈرائیونگ لائسنس پاس نہ رکھے<br>b. رجسٹریشن بُک پاس نہ رکھے<br>c. لازمی طور پر ڈرائیونگ لائسنس اور رجسٹریشن بُک ہمراہ رکھے<br>d. مجھے معلوم نہیں | c |
| 139. | گاڑی کا ڈرائیور _______________ | a. اپنی خواہش پر گاڑی چلائے جب ٹریفک سگنل موجود نہ ہو<br>b. گاڑی کو بمطابق ٹریفک قوانین اچھے اور محفوظ طریقے سے چلائے<br>c. اپنی خواہش پر گاڑی چلائے جب ٹریفک پولیس نہ ہو<br>d. اپنی عادت کے مطابق چلائیں گے | b |

| | | | |
|---|---|---|---|
| c | a. سڑک کے سائن بورڈ پر ہوگا۔<br>b. ٹریفک لائیٹس ہوں گی<br>c. ٹریفک پولیس کا حکم ہوگا<br>d. سڑک پر لین مارکنگ ہوگی۔ | جب ٹریفک پولیس موقعہ پر ٹریفک کنٹرول کر رہی ہو تو گاڑی کا ڈرائیور وہی کرے گا جو ________ | 140. |
| a | a. اِجازت نہیں کہ حد رفتار سے تجاوز کرے<br>b. 10 فیصد حد رفتار سے تجاوز کی اجازت ہے<br>c. حد رفتار سے زیادہ چلا سکتا ہے<br>d. ان میں سے کوئی نہیں | ایسی سڑک جس پر حد رفتار نشان کے ساتھ واضح ہو تو گاڑی کے ڈرائیور کو ________ | 141. |
| b | a. انتہائی حد رفتار کے مطابق گاڑی چلائے<br>b. رفتار کم کرے اور احتیاط سے چلے<br>c. رفتار کو برقرار رکھے<br>d. حدِ رفتار سے تجاوز کر جائے | رات کو سڑک کے خطرناک حصے پر گاڑی چلاتے وقت ڈرائیور کو چاہیے کہ ________ | 142. |
| d | a. معتدل رفتار سے زیادہ چلائے<br>b. حدِ رفتار سے تجاوز کر جائے<br>c. مرضی کے مطابق چلائے<br>d. کم رفتار سے چلائے | خطرناک موسمی حالات میں ڈرائیور کو چاہیے کہ ________ | 143. |

| | | | |
|---|---|---|---|
| d | a. رفتار بڑھا کر اُن کے ساتھ مل جائے<br>b. اوور ٹیک محفوظ طریقے سے کریں<br>c. صورتحال کے مطابق راستہ دیں<br>d. لازمی راستہ دیں | ایمرجنسی گاڑیاں جب کسی ایمرجنسی مقام پر پہنچ رہی ہوں تو دوسری گاڑیوں کو چاہیے کہ ________ | 144. |
| c | a. تیز رفتار گاڑی<br>b. مال بردار گاڑی<br>c. گاڑی جو پہاڑ کے نزدیک ہو<br>d. وہ گاڑی جو پہاڑ کے نزدیک نہ ہو | جب گاڑیوں کو ایک دوسرے کو کراس کرنے میں دُشواری ہو جب وہ ایک تنگ پہاڑی سڑک پر ہوں تو کونسی گاڑی پہلے جائے گی؟ | 145. |
| a | a. وہ گاڑی جو اُوپر چڑھ رہی ہو<br>b. وہ گاڑی جو چوٹی سے دور ہو<br>c. وہ گاڑی جو نیچے آ رہی ہو<br>d. اُوپر دیئے گئے تمام | جب گاڑیاں تنگ اترائی والی سڑک پر ایک دوسرے کو کراس کرنا چاہیں تو کونسی گاڑی پہلے جائے گی | 146. |
| a | a. مدہم ہیڈ لائٹ<br>b. تیز ہیڈ لائٹ<br>c. پارکنگ لائٹ<br>d. ان میں سے کوئی نہیں | رات کے اوقات میں ایک دوسرے کو کراس کرتے وقت گاڑیاں کونسی لائٹ کا استعمال کریں؟ | 147. |

| | | | |
|---|---|---|---|
| 148. | جب گاڑی کے سامنے چوک پر ٹریفک جام ہو تو ڈرائیور | a. چوک سے پہلے رکے اور انتظار کرے<br>b. بائیں طرف سے چوک میں داخل ہو اور گزرنے کی کوشش کرے<br>c. دائیں طرف سے چوک میں داخل ہو اور گزرنے کی کوشش کرے<br>d. اچانک یوٹرن لے اور مخالف سمت میں چلے | a |
| 149. | جب گاڑی کو بائیں ٹرن لینا ہو تو ڈرائیور کو چاہئے کہ پہلے ________ | a. بائیں سائیڈ کا اشارہ آن کرے<br>b. ڈبل اشارہ آن کرے<br>c. دائیں سائیڈ کا اشارہ آن کرے<br>d. ہاتھ کا اشارہ دے | a |
| 150. | جب گاڑی یوٹرن لینے لگے تو ڈرائیور لازمی طور پر پہلے ________ | a. دوسری گاڑیاں کو ہاتھ سے اشارہ کرے<br>b. ڈبل اشارہ آن کرے<br>c. دائیں سائیڈ کا اشارہ آن کرے<br>d. بائیں سائیڈ کا اشارہ آن کرے | c |

| | | | |
|---|---|---|---|
| c | a. ڈبل اشارہ آن کرے<br>b. دوسری گاڑیوں کو ہاتھ سے اشارہ کرے<br>c. دائیں سائیڈ کا اشارہ آن کرے<br>d. بائیں سائیڈ کا اشارہ آن کرے | جب گاڑی کو دائیں لین میں آنا ہو تو ڈرائیور کو چاہیئے پہلے ــــــــ | 151. |
| d | a. ڈبل اشارہ آن کرے<br>b. دائیں سائیڈ کا اشارہ آن کرے<br>c. ہاتھ کا اشارہ دے<br>d. بائیں سائیڈ کا اشارہ آن کرے | جب گاڑی بعد از اوورٹیکنگ واپس اصل لین میں آنے لگے تو ڈرائیور کو چاہیئے کہ پہلے ــــــــ | 152. |
| b | a. تیز چلے<br>b. آہستہ چلے<br>c. ڈبل انڈیکیٹر آن کرے<br>d. اِن میں سے کوئی نہیں | جب گاڑی کا ڈرائیور ایک خطرناک موڑ کے نزدیک پہنچے جہاں اُسے صحیح نظر نہ آئے تو ڈرائیور لازمی طور پر ــــــــ اور دوسروں کی توجہ حاصل کرنے کے لئے ہارن دے | 153. |
| d | a. انجن بند کر دے<br>b. گیئر نیوٹرل کر دے اور انجن بند نہ کرے<br>c. گیئر نیوٹرل کر دے<br>d. کسی صورت میں نیوٹرل نہ کرے اور انجن بند نہ کرے | چڑھائی سے اُترتے ہوئے گاڑی کے ڈرائیور کو چاہیئے کہ | 154. |

| | | | |
|---|---|---|---|
| c | a. 5منٹ<br>b. 10منٹ<br>c. 20منٹ<br>d. 40منٹ | چار گھنٹے مسلسل گاڑی چلانے کے بعد ڈرائیور کو لازمی طور پر رُک کر کم از کم کتنا آرام کرنا چاہیے؟ | 155. |
| c | a. اُس لین میں رُکے جو گاڑیوں کے لیے ہے<br>b. آنے والی ٹریفک کے دائیں سائیڈ پر رُکیں<br>c. سڑک کے بائیں سائیڈ پر رُکیں<br>d. سڑک کے کنارے پر رکیں | جب گاڑیوں کو عارضی طور پر رُکنا ہو تو ڈرائیور کو چاہیے کہ | 156. |
| d | a. 20میٹر<br>b. 30میٹر<br>c. 40میٹر<br>d. 50میٹر | گاڑی کو اِجازت نہیں کہ چوک کے نزدیک ________ سے کم فاصلے پر رُکے | 157. |
| a | a. 50میٹر<br>b. 40میٹر<br>c. 30میٹر<br>d. 20میٹر | گاڑی کو اِجازت نہیں کہ موڑ کے نزدیک ________ سے کم فاصلے پر رُکے | 158. |
| a | a. 50میٹر<br>b. 40میٹر<br>c. 30میٹر<br>d. 20میٹر | گاڑی کو اِجازت نہیں کہ اُترائی سے ________ کم فاصلے پر رُکے | 159. |

| | | | |
|---|---|---|---|
| 160. | گاڑی کو اِجازت نہیں کہ سُرنگ کے نزدیک ______ سے کم فاصلے پر رُکے | a. 20 میٹر<br>b. 30 میٹر<br>c. 40 میٹر<br>d. 50 میٹر | d |
| 161. | گاڑی کو اِجازت نہیں ہے کہ فائر بریگیڈ کی گاڑیاں جو جگہ استعمال کریں اُس کے نزدیک ______ سے کم فاصلہ پر رُکے | a. 5 میٹر<br>b. 10 میٹر<br>c. 20 میٹر<br>d. 30 میٹر | d |
| 162. | ایکسپریس وے کو چھوڑتے وقت ڈرائیور ______ اور بائیں لین میں آئے اور رفتار کم کرتے ہوئے چھوڑ دے | a. بائیں سائیڈ کا اشارہ آن کرے<br>b. دائیں سائیڈ کا اشارہ آن کرے<br>c. ڈبل اشارہ آن کرے<br>d. ہیڈ لائیٹس آن کرے | a |
| 163. | جب سُرخ لائیٹ جل رہی ہو تو ______ گزر سکتی ہیں اگر وہ ٹریفک کے بہاؤ میں رکاوٹ نہ بنے | a. دائیں طرف مُڑنے والی گاڑیاں<br>b. بائیں طرف مُڑنے والی گاڑیاں<br>c. گاڑیاں جو "T" چوک سے مڑ رہی ہوں<br>d. تمام اطراف کی گاڑیاں | b |

| | | | |
|---|---|---|---|
| a | a. بائیں طرف مُڑیں<br>b. دائیں طرف مُڑیں<br>c. سیدھا چلیں<br>d. یوٹرن لے لیں | جب بائیں رخ والے تیر کے نشان والی لائٹ سبز ہو تو گاڑیوں کو اجازت ہے کہ | 164. |
| b | a. بائیں طرف مُڑیں<br>b. دائیں طرف مُڑیں<br>c. سیدھا چلیں<br>d. یوٹرن لے لیں | جب دائیں رخ والے تیر کے نشان والی لائٹ سبز ہو تو گاڑیوں کو اجازت ہے کہ | 165. |
| c | a. بائیں مُڑنے سے<br>b. دائیں مُڑنے سے<br>c. سیدھا جانے سے<br>d. یوٹرن سے | جب اوپر کے رخ والے تیر کے نشان والی لائٹ سرخ ہو تو گاڑیوں کو ______ منع کرتی ہے | 166. |
| a | a. بائیں مُڑنے سے<br>b. دائیں مُڑنے سے<br>c. سیدھا جانے سے<br>d. یوٹرن سے | جب بائیں رخ والے تیر کے نشان والی لائٹ سرخ ہو تو گاڑیوں کو ______ منع کرتی ہے | 167. |
| b | a. بائیں مُڑنے سے<br>b. دائیں مُڑنے سے<br>c. سیدھا جائے<br>d. یوٹرن سے | جب دائیں رخ والے تیر کے نشان والی لائٹ سرخ ہو تو گاڑیوں کو ______ منع کرتی ہے | 168. |

| | | | |
|---|---|---|---|
| 169. | مُسلسل جلتی بجھتی پیلی لائیٹ تنبیہ کرتی ہے کہ ________ | a. گاڑیاں اور پیدل چلنے والے تیزی سے گُزریں<br>b. گُزرنے والی گاڑیاں اور پیدل چلنے والے رُک جائیں<br>c. گُزرنے والی گاڑیاں اور پیدل چلنے والے گُزر جائیں<br>d. گُزرنے والی گاڑیاں اور پیدل چلنے والے گُزرنے سے پہلے تسلی کر لے کہ ابھی حفاظت سے گُزر سکتے ہیں | d |
| 170. | گاڑی چلاتے وقت ڈرائیور سٹیئرنگ سے ________ | a. وقتی طور پر دونوں ہاتھ اُٹھا سکتا ہے<br>b. اپنی مرضی کے مطابق ہاتھ اُٹھا سکتا ہے<br>c. ایک ساتھ دونوں ہاتھ نہیں ہٹائے گا<br>d. مجھے معلوم نہیں | c |
| 171. | بریک پیڈل دباتے وقت ڈرائیور کو لازمی ________ استعمال کرنا چاہیئے | a. بائیں پاؤں کا اگلا حصہ<br>b. دائیں پاؤں کا اگلا حصہ<br>c. دائیں پاؤں کا درمیانی حصہ<br>d. دائیں پاؤں کی ایڑھی | b |

| | | | |
|---|---|---|---|
| 172. | گیئر تبدیلی کے وقت ______ | a. ڈرائیور سر جھکا کر نیچے نہیں دیکھے گا<br>b. ڈرائیور آہستہ سے گیئر دبائے گا اور کھینچے گا<br>c. ڈرائیور گیئر کی سمت دیکھے گا<br>d. ڈرائیور دباؤ کے ساتھ آگے پیچھے کرے گا۔ | a |
| 173. | بارشوں کا موسم محفوظ ڈرائیونگ پر اثر انداز ہوتا ہے کیونکہ ______ | a الیکٹرک آلات نمی کی وجہ سے جل جاتے ہیں<br>b. روڈ سلیپری اور گیلی ہوتی ہے اور نظر آنا کم ہو جاتا ہے<br>c. انجن بسا اوقات رُک جاتا ہے<br>d. گاڑی کو مزاحمت بڑھ جاتی ہے | b |
| 174. | بارش کے بعد سڑک سلیپری اور گیلی ہو جاتی ہے اور گاڑی کے بریک لگانے سے ______ | a. انجن بند ہو سکتا ہے<br>b. دوسری گاڑیاں نظر انداز ہو سکتی ہیں<br>c. گاڑی سڑک سے پھسل سکتی ہے<br>d. کم دکھائی کی وجہ سے حادثہ ہو سکتا ہے | c |

| | | | |
|---|---|---|---|
| 175. | دُھند محفوظ ڈرائیونگ پر ایسے اثرانداز ہو سکتی ہے کہ ______ | a. گاڑی کا انجن بند ہوسکتا ہے<br>b. گاڑی پھسل سکتی ہے<br>c. گاڑی کیلئے مزاحمت بڑھ جاتی ہے<br>d. نظر آنا کم ہو جاتا ہے | d |
| 176. | دِن کی ڈرائیونگ کی نسبت رات کی ڈرائیونگ کے دوران ڈرائیور کی قوت مشاہدہ کمزور ہو جاتی ہے اور ڈرائیور کی نظر کی حد ______ | a. بڑھ جاتی ہے<br>b. کم ہو جاتی ہے<br>c. غیر تبدیلی<br>d. بے قاعدگی | b |
| 177. | ژالہ باری اور برفباری کا موسم سڑک پر اثرانداز ہوتا ہے کیونکہ ______ | a. الیکٹرک آلات شارٹ سرکٹ ہوسکتے ہیں<br>b. نظر کی حد کم ہو جاتی ہے<br>c. گاڑی کے لیے مزاہمت بڑھ جاتی ہے<br>d. ڈرائیور کی نظر سورج کی روشنی منعکس ہونے سے متاثر ہو سکتی ہے اور سڑک کی سطح پر پھسلن ہوتی ہے | d |
| 178. | کیچڑ والی سڑک ڈرائیونگ پر اثرانداز ہو سکتی ہے کیونکہ ______ | a. گاڑی کیلئے مزاہمت کم ہو جاتی ہے<br>b. ٹائر آسانی سے گھوم اور پھسل سکتے ہیں<br>c. حد نظر کم ہو سکتی ہے | b |

| | | | |
|---|---|---|---|
| | | d. سڑک پر پکڑ میں مضبوطی آجاتی ہے | |
| 179. | پہاڑی سڑک ڈرائیونگ پر اثر انداز ہوتی ہے کیونکہ | a. روڈ سائن کم ہوتے ہیں<br>b. ٹریفک حالات بورنگ ہوتے ہیں<br>c. چڑھائی زیادہ، موڑ خطرناک اور سڑک کے حالات غیر یقینی ہوتے ہیں<br>d. ٹریفک میں اضافہ ہو جاتا ہے | c |
| 180. | جب آپ کی مخالف سمت سے آنے والی گاڑی اوورٹیک کرنے کیلئے اچانک آپ کی لین میں آجائے تو آپ کو چاہے کہ | a. رفتار بڑھا کر آگے جائیں<br>b. رفتار کم کریں اور جتنا ممکن ہو سکے حالات کو قابو میں رکھیں<br>c. رفتار برقرار رکھیں<br>d. گاڑی کا راستہ روکیں | b |
| 181. | اگر رات کے اوقات میں سفر کے دوران آپ کی گاڑی کی تمام لائیٹس اچانک بند ہو جائیں تو آپ کو چاہیے کہ | a. کم رفتار پر چلائیں<br>b. جلد از جلد بریک لگائیں<br>c. بریک لگائیں اور روڈ کی بائیں جانب رُک جائیں<br>d. آہستہ رُکیں | c |
| 182. | دوران ڈرائیونگ جب آگے ٹریفک کا رش دیکھیں تو ڈرائیور کو چاہئے کہ | a. اگلی گاڑی کو اوور ٹیک کرے | c |

| | | | |
|---|---|---|---|
| | | b. دوسری گاڑیوں کے درمیان سے نکلے<br>c. رفتار کم کرے، رُکے اور اپنی لین میں انتظار کرے<br>d. ہارن بجائیں تاکہ دوسری گاڑیوں کو آگے کی طرف جانے پر مجبور کریں | |
| 183. | اگلی گاڑی اگر کیچڑ والی جگہ پر پھنس جائے تو ڈرائیور کو چاہیے کہ ________ | a. گُزر جائے<br>b. رضاکارانہ طور پر اُسکی مدد کرے<br>c. اس کو نظر انداز کرے<br>d. اس کو ہارن دے | b |
| 184. | نارمل رفتار سے گاڑی چلاتے ہوئے ڈرائیور آسانی سے سڑک کے حالات سے واقف ہوتا ہے اور اچانک کسی رکاوٹ کے سامنے آنے کی صورت میں | a. ایمرجنسی بریک لگاکر رُک سکتا ہے<br>b. تیزی سے گُزر سکتا ہے<br>c. تیزی سے ٹکر سے بچ سکتا ہے<br>d. آہستہ سے گاڑی کو روک سکتا ہے | d |
| 185. | گاڑی کو ہمیشہ محفوظ ________ اور دوستانہ انداز میں چلانا چاہیئے | a. مہذب<br>b. تیز رفتار<br>c. خود غرض<br>d. اُچھلنا | a |

| | | | |
|---|---|---|---|
| 186. | جب اگلی گاڑی آہستہ ہوتی محسوس ہوتو ڈرائیور کوچاہیے کہ ______ | a. دائیں طرف سے اوورٹیک کرے جب گاڑی سامنے سے پہنچے<br>b. پہلے سے لین تبدیل کر لے اور اوورٹیک کرلے<br>c. ہارن دے<br>d. فٹ پاتھ کو استعمال کر کے اوورٹیک کرے | b |
| 187. | جب اوورٹیک کرنا چاہیں اور پتہ چلے کہ اگلی گاڑی بھی اوورٹیک کررہی ہے توڈرائیور کو چاہیئے ______ | a. پیچھا کرے اور جب موقع ملے تو اوورٹیک کرے<br>b. سپیڈ بڑھادے زبردستی اوورٹیک کرے<br>c. مُسلسل ہارن بجائے اور اگلی گاڑی کوراستہ دینے پر مجبور کرے<br>d. اوورٹیک نہ کرے اور اگلی گاڑی کو پہلے اوورٹیک کرنے دے | d |
| 188. | جب چوک میں رش ہوتو ایسے حالات میں دُرست طریقہ یہ ہے کہ ______ | a. رفتار کم کریں اور رکیں جب تک رش ختم نہ ہوجائے<br>b. چوک میں داخل ہونا جاری رکھیں<br>c. ہارن بجائیں تاکہ سامنے والی گاڑی کو اشارہ ملے | a |

| | | | |
|---|---|---|---|
| | | .d موقع ڈھونڈے کہ اُسکو دونوں طرف سے گزرنے دیں | کہ اپنی گاڑی کی سپیڈ بڑھائیں اور گزرنے دے |
